بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہنامہ

# اخبارِ احمدیہ

مغربی جرمنی

نگران و مدیر
لئیق احمد منیر

ملنے کا پتہ
Wieckstraße 24
2 Hamburg 54
Tel. 040 / 40 55 60

معاونت و کتابت
مقصود الحق
طاہر محمود کاہلوں

ماہ دسمبر 1980

## جماعت احمدیہ کا اٹھاسیواں جلسہ سالانہ 26، 27، 28 دسمبر کو ربوہ مرکز سلسلہ میں منعقد ہوا ۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کے اہم خطاب

ربوہ سے وکالت تبشیر تحریک جدید کی طرف سے درج ذیل برقی پیغام موصول ہوئے ۔

" پندرھویں صدی ہجری کے پہلے اور جماعت احمدیہ کے اٹھاسیویں جلسہ سالانہ کا افتتاح حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 26 دسمبر کو فرمایا ۔ افتتاحی خطاب میں حضور نے چودھویں ہجری کے دوران اللہ تعالیٰ کے ہونے والے فضلوں کا ذکر فرمایا اور پندرھویں صدی کیلئے جماعت کو جدید ماٹو اور نصب العین دیئے ۔ حضور نے دنیا کے دلوں کو محبت اور پیار کے ذریعہ جیتنے پر زور دیا ۔ حضور نے فرمایا کہ ہمارے مسلمان بھائی ہماری محبت کے زیادہ حقدار ہیں کیونکہ وہ بھی ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا دعویٰ کرتے ہیں ۔ حضور نے جماعت کو تلقین فرمائی کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعائیں فرمائیں کہ ان کو دنیا کے دل محبت اور پیار کے ذریعہ اللہ تعالیٰ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے جیتنے کی توفیق ملے ۔

اسی روز خطبہ جمعہ میں حضور نے یہ تلقین فرمائی کہ احباب جماعت اللہ تعالیٰ کے حضور یہ دعائیں کرتے رہیں کہ وہ اور ان کی آنے والی نسلیں صراط مستقیم پر قائم رہیں ۔

حضور نے خطبہ جمعہ میں یہ تلقین فرمائی کہ احباب جماعت درج ذیل قرآنی دعا کثرت سے پڑھا کریں ۔

بقیہ صفحہ ۳ پر

History of AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr. ..................

بقیہ جلسہ سالانہ سے

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

حضور نے فرمایا کہ ہمارا فرض یہ ہے کہ تمام مسلمانوں کو تا اُن کو اتحاد اور طاقت ملے کہ اسلام کو وہ غلبہ نصیب ہو جس کا وعدہ دیا گیا ہے۔

## پیغام نمبر ۲

"جلسہ سالانہ کے دوسرے روز حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دوسرے اجلاس میں خطاب فرمایا۔ حضور نے جو تعلیمی سکیم شروع فرمائی ہے اُسکی اہمیت بیان فرماتے ہوئے حضور نے اس سلسلہ میں طلباء کو جو میڈل دیئے گئے ہیں اُن کی تفصیل بیان فرمائی۔ نیز حضور نے والدین کی حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے اُنکو تلقین فرمائی کہ اپنے بچوں کی احسن رنگ میں نگہداشت کریں۔ حضور نے جماعت کو اس ضمن میں اپنی ہدایات دہراتے ہوئے فرمایا کہ کسی ذہن کو ضائع نہ ہونے دیا جائے۔ اسی طرح جماعت کو یہ دعائیں کرنے کی بھی تحریک فرمائی کہ اللہ تعالیٰ اگلے دس سالوں میں جماعت کو ایک سو جینئس عطا فرمائے۔

حضور نے علم کو پھیلانے کی بھی تلقین فرمائی خواہ وہ مذہبی علوم ہوں یا دوسرے۔ حضور نے جماعت کو کثرت سے مختلف زبانوں میں کتب خریدنے کی تلقین بھی فرمائی۔ اس ضمن میں احمدیہ پبلشرز کو یہ ہدایت فرمائی کہ وہ کتب کی فروخت کی پندرہ روزہ رپورٹ حضور کی خدمت میں پیش کیا کریں۔

حضور نے اپنے خطاب میں سامعین کو دوران سال بننے والی مساجد اور مشن ہاؤسز کی تفصیلات بھی بتائیں۔ اسیطرح دوران سال چھپنے والے جماعت کے لٹریچر سے بھی آگاہ فرمایا۔ دعا کے ساتھ حضور کا یہ خطاب اختتام پذیر ہوا۔

## پیغام نمبر ۳

"جلسہ سالانہ کے تیسرے روز حضور ایدہ اللہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے احسانات اور آپ کے مقام خاتم النبیین کے موضوع پر خطاب فرمایا۔ حضور نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان دیگر تمام انبیاء اور مخلوق کے مقابل پر جو قرآن کریم میں بیان ہوئی ہے اُس کی وضاحت فرمائی۔ حضور نے اپنے خطاب کے آخر میں پُرزور الفاظ میں فرمایا کہ ہمیں دنیا کی کوئی طاقت محمدؐ اور محمدؐ کے خدا سے دور نہیں کر سکتی۔ اپنے خطاب کے آخر میں حضور نے اختتامی دعا کے ساتھ جلسہ سالانہ کا اختتام فرمایا"۔

جلسہ سالانہ میں اندازہ کے مطابق تقریباً دو لاکھ افراد نے شرکت فرمائی اور غیر ملکوں سے بیس جماعتوں کے دو صد پچیس افراد نے شرکت فرمائی۔

---

## جماعت احمدیہ مغربی جرمنی کا
## جلسہ سالانہ
## مؤرخہ 19'18 اپریل
## منعقد ہوگا۔ انشاء اللہ العزیز

# مجلس خدام الاحمدیہ اٹلی اور لاطینی امریکہ میں دو مساجد تعمیر کریگی

حضور ایدہ اللہ نے ازراہ شفقت منصوبے کی منظوری عنائیت فرمادی
یورپ امریکہ اور کینیڈا کے خدام کے ذریعہ پندرھویں صدی کے آغاز پر خدام الاحمدیہ کا نذرانہ

---

صدر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ نے اعلان کیا ہے کہ مجلس خدام الاحمدیہ آئندہ دو سال میں اٹلی اور لاطینی امریکہ میں دو مساجد تعمیر کریگی۔ ان مساجد کی تعمیر امریکہ کینیڈا اور یورپ کے خدام کے ذریعہ کروائی جائے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت اس منصوبہ کو شرف قبولیت بخشا ہے اور خدام الاحمدیہ کو ان مساجد کی تعمیر کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔ چودھویں صدی میں ملنے والی برکات کے نتیجہ میں پندرھویں صدی کے آغاز پر مجلس خدام الاحمدیہ ان دو مساجد کا نذرانہ پیش کرے گی۔

مرکز سے آمدہ ہدایات کے مطابق ہر خادم کو اس اسکیم میں مبلغ-/350 مارک اور طفل کو-/50 مارک ادا کرنا ہوں گے۔ یہ ادائیگی دس ماہ کی مدت میں کرنا ہوگی۔ تمام خدام سے امید رکھی جاتی ہے کہ وہ اس اسکیم میں شامل ہوکر اپنے وعدہ جات پیش فرمائیں گے۔

# مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا ۳۶واں سالانہ اجتماع بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا

## حضور ایدہ اللہ کے روح پرور خطابات

خداتعالیٰ کے فضل وکرم کے ساتھ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کا چھتیسواں سالانہ اجتماع مرکز احمدیت ربوہ میں بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوگیا۔ اس سہ روزہ اجتماع میں امام جماعت احمدیہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے نہایت اہم اور تاریخی خطابات فرمائے جنکا خلاصہ درج ذیل ہے۔

حضور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی یہ عجیب شان ہے کہ 1882ء میں حضرت بانی جماعت احمدیہ کو ایک ایسا الہام ہوا جسکے پورا ہونے کے سامان نہیں تھے۔ اس وقت حضور ایدہ اللہ نے اپنا کشف یاد دلایا جسکے بارے میں حضور ایدہ اللہ پہلے بھی بیان فرما چکے ہیں کہ آپ نے دیکھا کہ ساری کائنات لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا وِرد کر رہی ہے اس انگوری رنگ کی لہروں کے اوپر سفید چمکدار حصے تھے جو کہ لا الٰہ الا اللہ کی صوتی لہریں تھیں۔ حضور نے فرمایا اسکی تعبیر یہ ہے کہ اب دنیا میں توحید الٰہی کے قائم ہونے کا وقت آگیا ہے اس پس منظر میں حضور نے فرمایا کہ 98 سال قبل 1882ء میں حضرت اقدس بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کو الہامات ہوئے۔ ان الہامات میں ایک طویل الہام کا آخری حصہ لاالٰہ الا اللہ تھا اس کے بعد الہام تھا "فَاکْتُبْ" اسے لکھو اور پھر اسے طبع کراؤ اور پھر زمین میں شائع کروا دو۔

حضور ایدہ اللہ نے فرمایا اب زمانہ آگیا ہے کہ اس الہام پر عمل کیا جائے۔ چنانچہ جماعت احمدیہ ساری دنیا میں نیز مرکز سلسلہ سے لاالٰہ الا اللہ طبع کروا کر ساری دنیا میں پھیلائے گی۔ اختتامی خطاب فرماتے ہوئے

حضور نے فرمایا۔
"میری روحانی آنکھ دیکھ رہی ہے کہ اسلام کا دشمن بت پرست شرک چھوڑ دیگا اور خود پجاری کے ہاتھوں سے بتوں کو توڑ دیا جائیگا اور وہ کروڑوں سینے جنمیں شرک کی ظلمت بھری ہوئی ہے وہ شرک سے خالی ہو کر خدا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے بھر جائینگے"۔
حضور نے فرمایا ہتھیاروں کی نہ ہمیں ضرورت ہے نہ اسلام کو اسلام اپنے نور حُسن اور قوت احسان کے ساتھ انکے دلوں کو خدا تعالےٰ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے جیتے گا۔ اور انسانوں میں مُردوں کی پرستش، قبروں کی پرستش اور پیر پرستی اس صدی میں ختم ہو جائیگی۔ حضور نے فرمایا کہ پندرھویں صدی میں انسانوں کو خدا بنانے کا زمانہ ختم ہو جائیگا اور تثلیث نے جس شدت سے ہماری فضا کو تثلیث تثلیث کی صوتی لہروں سے معمور کیا ہے اس سے کہیں زیادہ شدت کے ساتھ احد احد کی صدائیں گونجنے لگیں گی۔ حضور نے فرمایا کہ تثلیث کی ان آوازوں کو خاموش کرنے کیلئے تو ایک بلالؓ کافی ہے اور خدا تعالیٰ جماعت احمدیہ کو لاکھوں ایسے سینے دیگا جن میں بلالؓ کے دل دھڑک رہے ہونگے۔ حضور نے فرمایا پندرھویں صدی میں دنیا سے بڑائی اور چھوٹے پن کا امتیاز ختم کر دیا جائیگا۔ نہ کوئی چھوٹا ہوگا اور نہ کوئی بڑا۔ سب ایک ہی سطح پر آ کے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں سے چمٹے ہونگے۔
حضور نے فرمایا پندرھویں صدی میں ساری دنیا امت واحدہ بن جائیگی ایک خدا ہوگا ایک رسول ہونگے اور ایک شریعت ہوگی ایک قرآن ہوگا اور ہر نسل اپنے مسائل کا حل قرآن سے ڈھونڈے گی۔ حضور نے فرمایا کہ یہ سب کچھ ہوگا مگر اسکے لئے ہمکو اور آپکو قربانیاں دینی پڑینگی اسلئے آؤ آج عہد کریں کہ پندرھویں صدی جو انقلاب لانا چاہتی ہے اسکو برپا کرنے کیلئے خدا تعالیٰ جو بھی قربانی مانگے گا وہ ہم اسکی راہ میں دینگے۔
حضور نے حضرت امام مہدی علیہ السلام کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ "حدیث میں یہ بھی آتا ہے کہ اندلس میں اسلام کا غلبہ آنے کے بعد ایک بار یہ علاقہ مفتوح ہو جائیگا اور بڑی تباہی آئیگی اور پھر مغرب کی طرف سے مہدی وہاں پہنچے گا اور مہدی کا آنا اس عالمگیر اسلامی انقلاب کی ابتداء ہوگی"
حضور نے فرمایا کہ "احادیث میں یہ بات بڑے تواتر سے اور بار بار آتی ہے کہ مسیح مہدی اور اسکے اصحاب کو آگ سے بچایا جائیگا۔ اور مہدی کے وقت میں دنیا اسلام کے نور سے پوری طرح بھر جائیگی۔ اس کے ماننے والوں کی زبردست کثرت ہوگی اور یہ غلبہ قیامت تک جاری رہیگا۔"
(از روزنامہ الفضل 23-24 نومبر ۱۹۸۰ء)

---

جلسہ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

تمام جماعتوں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ ماہ جنوری میں مطابق ۱۲ ربیع الاوّل اپنی اپنی جماعت میں جلسہ سیرۃ النبی کا اہتمام کریں۔
مسجد نور فرانکفورٹ میں یہ جلسہ انشاء اللہ العزیز 25 دسمبر بروز اتوار بوقت 4 بجے شام منعقد ہوگا۔

---

## مسجد نور فرانکفورٹ میں ایک تبلیغی نشست

مسجد نور فرانکفورٹ میں ہر ماہ ایک تبلیغی نشست منعقد کی جاتی ہے جس میں غیر مسلم جرمن اور دیگر ممالک کے مسلمانوں کو بھی مدعو کیا جاتا ہے۔ اس مجلس میں غیر مذاہب کے نمائندگان کو بھی اپنے نکتۂ نظر سے بعض مذہبی موضوعات پر گفتگو کیلئے دعوت دی جاتی ہے چنانچہ ۲۹ دسمبر کو ایک اسی قسم کی تبلیغی نشست منعقد ہوئی جس کا موضوع تھا "تناسخ"۔ اس مجلس میں "راجہ یوگا سینٹر" فرانکفورٹ کی سربراہ محترمہ یوگینی سوہانی کو دعوت دی گئی۔ انہوں نے اس مجلس میں جس میں دس سے زائد جرمن مرد و خواتین نے حصہ لیا پہلے اپنے موقف کی رو سے مسئلہ تناسخ پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ روح اسی دنیا میں بار بار واپس آتی ہے اور صرف جسم تبدیل کرتی رہتی ہے۔ ہاں ایک معین دن مقرر ہے جبکہ سب روحیں خدا تعالیٰ کی طرف واپس چلی جائیں گی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اُن کے عقیدہ کی رُو سے روحیں مخلوق نہیں۔ یعنی خدا تعالیٰ نے انہیں پیدا نہیں کیا۔

اسلام کے نظریہ کی وضاحت کی غرض سے مکرم محترم سید محمود احمد ناصر صاحب مشنری انچارج انگلستان جو چند روز کیلئے جرمنی تشریف لائے تھے سے درخواست کی گئی تھی۔ انہوں نے تفصیلاً اس بارہ میں اسلامی نظریہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ روحیں مخلوق ہیں اور جسم کی موت واقع ہونے کے بعد وہ ایک دوسرے عالم میں مزید ترقیات کیلئے جاتی ہیں اور اس دنیا میں واپس نہیں آتیں۔ انہوں نے مسئلہ تناسخ کے حق میں جو دلائل پیش کئے جاتے ہیں اُن کی تردید میں شواہد بھی پیش کئے۔

بعد ازاں حاضرین نے اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار بھی فرمایا اور حاضرین سے اس بارہ میں سوالات دریافت کئے۔

---

## جماعت احمدیہ نیورنبرگ و آؤگس برگ کا اجلاس

مورخہ ۲۱ دسمبر کو جماعت احمدیہ نیورنبرگ میں ایک اجلاس کا انتظام کیا گیا جس میں آؤگس برگ کے احباب نے بھی مکرم محمود احمد صاحب کے ساتھ شرکت فرمائی۔ اجلاس کا انتظام مکرم محمد مسعود صاحب کی رہائش گاہ پر کیا گیا۔ مکرم منصور احمد خان صاحب مبلغ سلسلہ نے احباب جماعت سے اُن کی ضروریات کے بارہ میں گفتگو کی۔ جس کے بعد احباب کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے دورہ گھانا و اسپین کی ویڈیو فلم دکھائی گئی۔ مکرم سید کلیم احمد شاہ صاحب صدر جماعت نیورنبرگ اور اُن کے رفقاء نے اس سلسلہ میں خصوصی تعاون فرمایا۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

---

تصحیح: اخبار احمدیہ کے سابقہ شمارہ میں جو صفحہ ۸ پر جماعت کی خبروں میں جماعت کولون کی خبر میں تقریر کرنے والے دوست کا نام غلط چھپ گیا ہے۔ خالد محمود صاحب کی بجائے ذکر ناصر محمود صاحب درست فرمالیں۔

History of AMJ Deutschland
تاریخ احمدیت جرمنی
Nr:..................

# اخبار احمدیہ

## لجنہ اماء اللہ ہمبرگ کا ماہوار اجلاس

مورخہ 30 نومبر کو مسجد فضل عمر ہمبرگ میں لجنہ اماء اللہ ہمبرگ کا ماہوار اجلاس منعقد ہوا۔ محترمہ سلمیٰ منیر صاحبہ نے تلاوت کی محترمہ زاہدہ جعفر خان صاحبہ نے نظم پڑھی محترمہ محمودہ خان صاحبہ صدر لجنہ ریحانہ ممتاز صاحبہ سیکرٹری (...) اور شاہدہ سلیمہ صاحبہ نے تقاریر کیں۔ علاوہ ازیں سلمیٰ منیر صاحبہ اور عطیۃ المنان صاحبہ نے نظمیں پڑھیں۔

## مسجد فضل عمر میں کلاسوں کی آمد

گذشتہ دنوں جرمن طلبہ پر مشتمل دو کلاسیں مسجد فضل عمر آئیں جو کہ 20 تا 25 طلبہ پر مشتمل تھیں۔ اس موقعہ پر طلباء کو اسلام کا تعارف کروایا گیا۔ سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ نیز انہیں اسلامی لٹریچر دیا گیا اسکے علاوہ گاہے بگاہے بعض جرمن مسجد آتے رہتے ہیں جن کے ساتھ اسلام اور احمدیت پر تبادلہ خیال کیا گیا نیز انہیں لٹریچر بھی دیا جاتا رہا ہے۔

## دورہ جات

مکرم لئیق احمد صاحب منیر نے Bremen اور Kiel کی جماعتوں کا دورہ کیا۔ ہر دو جماعتوں میں اجلاسات ہوئے مکرم لئیق احمد صاحب منیر نے تقاریر کیں اور جماعتی امور کا جائزہ لیا۔ مکرم افتخار بھٹی صاحب مکرم عبدالواحد صاحب اور ظفر صاحب نے خصوصی تعاون فرمایا۔

# وقف عارضی

گذشتہ دنوں مکرم عطاء المنان صاحب (Dorsten) پندرہ روز کیلئے ہمبرگ وقف عارضی پر تشریف لائے آپ نے اس عرصہ میں امور مشن میں بہت تعاون فرمایا اور دوستوں سے ملاقاتیں کیں۔ فجزاہ اللہ احسن الجزاء۔

## تحریک جدید

جیسا کہ دوستوں کو علم ہے کہ حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے تحریک جدید کے 47 ویں سال کا اعلان فرما دیا ہے اور تمام دوستوں کو انفرادی طور پر بذریعہ سرکلر اطلاع بھی دی جا چکی ہے اور بقایا داران کو بذریعہ خطوط اطلاع بھجوا دی گئی ہے۔ تمام بقایا داران سے درخواست ہے کہ جلد گذشتہ سال کا بقایا سیکرٹری جماعت حلقہ کو یا براہ راست فرانکفورٹ یا ہمبرگ مشن میں ادا فرما دیں۔ نیز جلد از جلد اس سال کے وعدے ارسال فرما دیں۔ جزاکم اللہ۔ سیکرٹریان جماعت اور سیکرٹریان حلقہ جات اس ضمن میں خصوصی توجہ فرمائیں۔

## جوبلی فنڈ

جن دوستوں نے جوبلی فنڈ میں وعدہ جات لکھوائے ہوئے ہیں ان سے درخواست ہے کہ ماہوار باقاعدگی سے اسکی ادائیگی کرتے رہیں فروری ۸۱ء میں اس تحریک کے سات سال پورے ہو جائیں گے گویا اس وقت تک آپکی طرف سے اپنے وعدہ کا 7/15 ادا ہو جانا چاہئیے۔